

اَلۡفَتَّاحُ

بہت بڑا مشکل کشا

# The Opener

Lajna Ima'illah Finland

# Newsletter

December 2020

Volume 4 Issue 10

# القرآن

وَ هُوَ الَّذِىۡ يُنَزِّلُ الۡغَيۡثَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا
قَنَطُوۡا وَيَنۡشُرُ رَحۡمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الۡوَلِىُّ
الۡحَمِيۡدُ ﴿۲۹﴾

اور وہی ہے جو بارش کو نازل کرتا ہے بعد اس کے کہ وہ مایوس ہو چکے ہوتے ہیں اور اپنی رحمت کو پھیلا دیتا ہے۔ اور وہی ہے جو کارساز (اور) صاحبِ تعریف ہے۔


And He it is Who sends down rain after they have despaired, and spreads out His mercy. And He is the Protector, the Praise-worthy.

# ارشاد نبوی

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَنْزِلُ رَبُّنَا کُلَّ لَیْلَةٍ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنْیَا حَتّٰی یَبْقٰی ثُلُثُ اللَّیْلِ الْاٰخِرُ فَیَقُوْلُ مَنْ یَّدْعُوْنِیْ فَأَسْتَجِیْبَ لَهٗ مَنْ یَّسْاَلُنِیْ فَاُعْطِیَهٗ وَمَنْ یَّسْتَغْفِرُنِیْ فَاَغْفِرَلَهٗ۔

ترجمہ: حضرت ابوھریرۃؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ ہمارا رب ہر رات قریبی آسمان تک نزول فرماتا ہے جب رات کا تیسرا حصہ باقی رہ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کون ہے جو مجھے پکارے تو میں اس کو جواب دوں! کون ہے جو مجھ سے مانگے تو میں اس کو دوں! کون ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرے تو میں اس کو بخش دوں۔

# ارشاداتِ حضرت مرزا مسرور احمد، خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز




مورخہ 25 دسمبر 2020 کے خطبہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے چوتھی بار پاکستان اور الجزائر کے احمدیوں کے لئے دعا کی تحریک فرمائی اور مندرجہ ذیل دعائیں کرنے کا ارشاد فرمایا۔

رَبِّ کُلُّ شَیْءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحْفَظْنِیْ وَانْصُرْنِیْ وَارْحَمْنِیْ

اے میرے خدا ہر ایک چیز تیری خادم ہے۔ اے میرے خدا شریر کی شرارت سے مجھے نگہ رکھ اور میرے مدد کر اور مجھ پر رحم کر۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ، وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

اے اللہ ہم تجھ کو ان (دشمنوں) کے سینوں میں کرتے ہیں (یعنی تیرا رعب ان کے سینوں میں بھر جائے) اور انکے شر سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ

اے میرے اللہ تو محمدؐ اور آل محمدؐ پر خاص فضل نازل فرما۔ جس طرح تو نے ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر خاص فضل نازل فرمایا۔ تو بہت تعریف اور بزرگی والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ

اے میرے اللہ تو محمدؐ اور آل محمدؐ پر برکت نازل فرما۔ جس طرح تو نے ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر برکت نازل فرمائی۔ تو بہت تعریف اور بزرگی والا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْهِ

میں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی بخشش مانگتی ہوں جو میرا رب ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتی ہوں۔

# نئے سال کا آغاز کیسے کریں؟

میری بہت پیاری لجنہ اور ناصرات　　　　　　　　　　　اسلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ کل انشاء اللہ نیا سال شروع ہو جائے گا۔اس موقع پر میں ہمارے پیارے حضور کے الفاظ میں کچھ شامل کرنا چاہتی ہوں۔

حضرت مرزا مسرور احمد، خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

”ہر کوئی اپنا جائزہ لے اور غور کرے کہ اس کی زندگی میں ایک سال آیا اور گزر گیا۔اس میں وہ ہمیں کیا دے کر گیا اور کیا لے کر گیا۔ہم نے اس سال میں کیا کھویا اور کیا پایا۔ایک مومن نے دنیاوی لحاظ سے دیکھنا ہے کہ اس سال میں اس نے کیا کھویا اور کیا پایا۔اس کی دنیاوی حالت میں کیا بہتری پیدا ہوئی یا دینی لحاظ سے اور روحانی لحاظ سے دیکھنا ہے کہ کیا کھویا اور کیا پایا اور اگر دینی اور روحانی لحاظ سے دیکھنا ہے تو کس معیار پر رکھ کر دیکھنا ہے تا کہ پتا چلے کہ کیا کھویا اور کیا پایا۔

ہم احمدی خوش قسمت ہیں کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے مسیح موعود اور مہدی معہود کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی جنہوں نے ہمارے سامنے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی تعلیم کا نچوڑ یا خلاصہ نکال کر رکھ دیا اور ہمیں کہا کہ تم اس معیار کو سامنے رکھو تو تمہیں پتا چلے گا کہ تم نے اپنی زندگی کے مقصد کو پورا کیا ہے یا پورا کرنے کی کوشش کی ہے یا نہیں؟اس معیار کو سامنے رکھو گے تو صحیح مومن بن سکتے ہو۔یہ شرائط ہیں ان پہ چلو گے تو صحیح طور پر اپنے ایمان کو پرکھ سکتے ہو۔ہر احمدی سے آپ نے عہد بیعت لیا اور اس عہد بیعت میں شرائط بیعت ہمارے سامنے رکھ کر لائحہ عمل ہمیں دے دیا جس پر عمل اور اس عمل کا ہر روز ہر ہفتے ہر مہینے اور ہر سال ایک جائزہ لینے کی ہر احمدی سے امید اور توقع بھی کی۔

پس ہم سال کی آخری رات اور نئے سال کا آغاز اگر جائزے اور دعا سے کریں گے تو اپنی عاقبت سنوارنے والے ہوں گے۔ اور اگر ہم بھی ظاہری مبارکبادوں اور دنیاداری کی باتوں سے نئے سال کا آغاز کریں گے تو ہم نے کھویا تو بہت کچھ اور پایا کچھ نہیں یا بہت تھوڑا پایا۔اگر کمزوریاں رہ گئی ہیں اور ہمارا جائزہ ہمیں تسلی نہیں دلا رہا تو ہمیں یہ دعا کرنی چاہئے کہ ہمارا آنے والا سال گزشتہ سال کی طرح روحانی کمزوری دکھانے والا سال نہ ہو۔بلکہ ہمارا ہر قدم اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے اٹھنے والا قدم ہو۔ہمارا ہر دن اُسوہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر چلنے والا دن ہو۔ہمارے دن اور رات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام سے عہد بیعت نبھانے کی طرف لے جانے والے ہوں۔وہ عہد جو ہم سے یہ سوال کرتا ہے کہ کیا ہم نے شرک نہ کرنے کے عہد کو پورا کیا۔بتوں اور سورج چاند کو پوجنے کا شرک نہیں بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق وہ شرک جو اعمال میں ریاء اور دکھاوے کا شرک ہے۔وہ شرک جو مخفی خواہشات میں مبتلا ہونے کا شرک ہے۔(مسند احمد بن حنبل جلد 4 صفحہ 801-800۔ حدیث محمود بن لبید حدیث نمبر 24036۔عالم الکتب بیروت 1998ء

پھر ہم نے یہ سوال کرنا ہے کہ کیا نماز تہجد پڑھنے کی طرف ہماری توجہ رہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اس بارے میں ارشاد ہے کہ نماز تہجد کا التزام کرو۔ اس میں باقاعدگی پیدا کرنے کی کوشش کرو؟ یہ صالحین کا طریق ہے۔ فرمایا کہ یہ قرب الٰہی کا ذریعہ ہے۔ فرمایا کہ اس کی عادت گناہوں سے روکتی ہے۔ فرمایا کہ برائیوں کو ختم کرتی ہے اور جسمانی بیماریوں سے بھی بچاتی ہے۔ (سنن الترمذی کتاب الدعوات باب فی دعاء النبی ﷺ حدیث 3549)

پھر ہم نے یہ سوال کرنا ہے کہ کیا ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی باقاعدہ کوشش کرتے رہے ہیں یا کرتے ہیں کہ یہ مومنوں کو اللہ تعالیٰ کے خاص حکموں میں سے ایک حکم ہے اور یہ دعاؤں کی قبولیت کا ذریعہ بھی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر درود کے بغیر دعائیں ہیں تو یہ زمین اور آسمان کے درمیان ٹھہر جاتی ہیں۔ (سنن الترمذی کتاب الصلاۃ ابواب الوتر باب ماجاء فی فضل الصلاۃ علی النبی ﷺ حدیث 486)

اگر تم نے درود نہیں پڑھا اور تم دعائیں کر رہے ہو تو زمین سے دعائیں اٹھیں گی آسمان تک نہیں پہنچیں گی درمیان میں ٹھہر جائیں گی کیونکہ ان میں وہ طریق شامل نہیں جو اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے۔ آسمان تک پہنچانے کے لئے ضروری ہے کہ دعاؤں کے ساتھ درود بھی ہو۔

پھر سوال ہم نے یہ کرنا ہے کہ کیا ہم باقاعدگی سے استغفار کرتے رہے ہیں؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص استغفار کو چمٹا رہتا ہے یعنی باقاعدگی سے کرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی سے نکلنے کی راہ بنا دیتا ہے اور ہر مشکل سے کشائش کی راہ پیدا کر دیتا ہے اور اسے ان راہوں سے رزق عطا کرتا ہے جس کا وہ تصور بھی نہیں کر سکتے۔ (سنن ابی داؤد ابواب الوتر باب فی الاستغفار حدیث 1518)

پھر سوال یہ ہے کہ کیا اللہ تعالیٰ کی حمد کرنے کی طرف ہماری توجہ رہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد کے بغیر شروع کیا جانے والا کام ناقص رہتا ہے، بے برکت ہوتا ہے، بے اثر ہوتا ہے۔ (سنن ابن ماجہ۔ کتاب النکاح باب خطبۃ النکاح حدیث 1894)

پھر سوال یہ ہے کہ کیا ہم اپنوں اور غیروں سب کو کسی بھی قسم کی تکلیف پہنچانے سے گریز کرتے رہے ہیں؟ کیا ہمارے ہاتھ اور ہماری زبانیں دوسروں کو تکلیف پہنچانے سے بچی رہی ہیں؟ کیا ہم عفو اور درگذر سے کام لیتے رہے ہیں؟ کیا عاجزی اور انکساری ہمارا امتیاز رہا ہے۔ کیا خوشی غمی تنگی اور آسائش ہر حالت میں ہم خدا تعالیٰ کے ساتھ وفا کا تعلق رکھتے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے کبھی کوئی شکوہ تو نہیں پیدا ہوا کہ میری دعائیں کیوں قبول نہیں کی گئیں یا مجھے اس تکلیف میں کیوں مبتلا کیا گیا۔ اگر یہ شکوہ ہے تو کوئی انسان مومن نہیں رہ سکتا۔"

اللہ تعالیٰ ہم سب کو پیارے آقا کی تمام نصائح پر عمل کرنے والا بنائے۔ آپ سب کے لئے نئے سال کو بہت مبارک فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے ہم سب کے لیے اور پوری جماعت اور دنیا کے لیے اسکو بابرکت فرمائے۔ ہم سب پر رحمتوں برکتوں اور فضلوں کی بارش برسائے۔ نسل انسانی کو اس موزی وبا اور ہر بیماری سے محفوظ رکھے۔ آپکی تمام نیک خواہشات کو پورا کرے اور ہم سب سے خاص شفقت کا سلوک فرماتے ہوئے ہماری کمزوریوں سے صرف نظر کرے۔ ہم خدا کو راضی کرنے والے بنیں اور اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہو آمین۔

والسلام

خاکسار

ریحانہ کوکب

صدر لجنہ اماء اللہ فن لینڈ

# Ijtema Waqf e Nau 2020

Besides the challenges of year 2020, by the grace of Allah we had a very successfulWaqfe Nau ijtema again this year. Due to the covid-19 locked down Huzur e Aqdas (May Allah be his Helper) granted permission for online competitions for Waqf e nau ijtema. It was a two days event where all arrangemnts for Lajna, Nasirat and under 7 years boys and girls were done by waqfe nau deprtment Lajna Imaillah Finland.

First day was started with inauguration ceremony. Mrs. Iffat Saeed presented the recitation of the Holy Quran and trnslation, followed by the poem recited by Mrs. Munazza Zafar. President Lajna Imaillah Finland, Mrs. Rehana Kokab addressed the opening session, where she emphasized on the importance of being a waqf-e-nau and explained the duties of a waqf-e-nau. At the end of the session, president Lajna Imaillah Finland led all participnts in silent prayers.

With this the competitions started for the 4-6 years old boys and girls. These comletitions included tilawat, nazm, hadith, prayers, questions & answers and calligraphy. These young children prapred for competitions very well and parents had made a very good effort in helping them prepare. Almost all children of the age group participated in the competitions. Next as planned were the competitions of 7-10 years old Nasirat. The competitions included tilawat, nazm, speech, questions & answers and calligraphy.

With this we concluded the frist day of the ijtema.

Second day was started with the recitation of The Holy Quran and it's translation presented by Mrs. Adeela Sumbul. This was followed by a poem (nazm) recited by Mrs. Quratul Ain. This was followed by the competitions of 11-16 years old nasirat. Mainly tilawat , nazm, speech, prayers, arts and calligraphy. The quality of performance by nasirat was extraordinary with respect to their age. MashaAllah they all performed very well. This was followed by the competitions for the last group of Lajna aged 16 or more. Their competitions included tilawat, nazm, deeni malomat (kahoot quiz), guess the picture (kahoot quiz), calligraphy and candle decoration. A very overwhelming response was receoved from 16+ waqfaat e nau in calligraphy and candle decoration. Between the sessions some lajna members beautifully recited poems. Everyone enjoyed listening to Mrs. Naseem Akhtar, Ms Fathe Mubeen and Mrs. Sadia Shahzad.

Waqfat-e-Nau were divided in four groups and they all participated very actively and with the spirit of فاالستبقو الخيرات.

In the final session the results were announced which was followed by the closing ceremony from the men's hall. Recitation of the Holy Quran, presented by Mr. Jaree Ullah followed by poem recited by Mr. Arfeen Ahmad. National secretary Waquf-e-nau Mr. Furrukh Islam preseted ijtema report. Later Missionary Incharge Mr. Musawer Ahmad advised the parents and waqfeen on how to morally uplift ourselves. He mentioned that we should focus on our prayers, love with Allah and khilafat. The program ended with silent prayer led by National President Mr. Ataul Ghalib.

The attendance was very good. 100% from under 7 years children, 100% from nasirat and 98% participation was recorded from lajna waqfeen e nau members.

# Results Waqf e Nau Ijtema

## 4-10 years

**Age group 4 to 6 years:**

Tilawat:
1st: Adil Naseer, Atifa Shahid
2nd: Arfeen Ahmad, Ahyan Javed
3rd: Adeela Ahmed

Nazam:
1st: Sadia Azka Rehman
2nd: Atifa Shahid
3rd: Qanita Abdul Samad

Q&A:
1st: Atifa Shahid
2nd: Adeela Ahmed
3rd: Dua Javed

Dua& Hadies:
1st: Aroosha Ghalib
2nd: Sadia Azka Rehman
3rd: Dua Javed & Adeela Ahmed

Painting:
1st**:** Adeela Ahmad, Atifa Aiman Shahid, Adil Naseer, Ahyan Javed, Aroosha Ghalib, Alveera Quddos, Athar Arslan, Dua Javed, Faraan Anwer, Ibtisam Saifullah Junbah, Maham Jaree, Maheen Jaree, Rohaan Ahmad, Mirha Ahmad, Sadia Azka Rehman, Tashifa Sharmeen Ahmed, Tayyab Qudoos, Zunairah Mashood

**Age group 7 to 10:**

Tilawat:
1st: Yashal Fateha
2nd: Nida ur Rehman
3rd: Ragheeba Qasim

Nazam:
1st: Nida ur Rehman
2nd: Shafia Farooq
3rd: Yashal Fateha

Speech:
1st: Nida ur Rehman
2nd: Manha Ahmed
3rd: Shafia Farooq

Deeni Malomat:
1st: Nida ur Rehman
2nd: Manha Ahmad
3rd: Shafia Farooq

Paiting:
1st: Nida ur Rehman
2nd: Manha Ahmad

Handy crafts:
1st: Nida ur Rehman



# Results Waqf e Nau Ijtema

**Age group 11 to 16**

Tilawat:
1st: Mahira Tahir
2nd: Faizia Nayab

Nazam:
1st: Mahira Tahir
2nd: Faizia Nayab

Speech:
1st: Mahira Tahir
2nd: Faizia Nayab

Prayers:
1st: Fazia Nayab
2nd: Mahira Tahir

Attributes of Allah:
1st: Mahira Tahir & Faizia Nayab

Calligraphy:
1st: Faizia Nayab
2nd: Mahir Tahir

**All Age groups**

Kahoot - Guess the Pictures
1st: Sara Sadaf Umair
2nd: Sidra Shaukat
3rd: Afia Maqsood



**Age group 16 +**

Tilawat:
1st: Ayesha Mehmood
2nd: Sidra Shaukat
3rd: Zunera Zunaaash & Saira Sadaf Umair

Nazam:
1st: Durriya Munawer
2nd: Hamda Jaree
3rd: Ayesha Mehmood

Speech contemporary:
1st: Ayesha Mehmood & Tahira Nasar
2nd: Zunera Zunash
3rd: Sidra Shaukat

Calligraphy:
1st: Ayesh Mahmood
2nd: Durdana Toba
3rd: Zunira Zunash & Tahira Nasar
4th: Hamda Jarre

Handy Crafts:
1st: Zunira Zunash
2nd: Sidra Shaukat
3rd: Tahira Nasar

Kahoot - Deeni Maloomaat
1st: Ayesha Mehmood
2nd: Sidra Shaukat
3rd: Afia Maqsood

# Pictures Waqf e Nau Ijtema

































## میگزین لجنہ اماءاللہ فنلینڈ

پیاری لجنہ اماءاللہ و ناصرات الاحمدیہ فن لینڈ


آپکے اپنے رسالہ "مبارکہ" کا پہلا شمارہ شائع ہونے جارہا ہے، الحمدللہ۔ اس کے لئے آپ سب سے قلمی تعاون کی درخواست ہے۔ اپنی قلمی کاوشیں ہمیں بھجوائیں، جن میں اردو اور فنش زبان میں مضامین، نظمیں، کہانیاں، لطیفے، کھانے کی ترکیبیں اور ٹوٹکے وغیرہ شامل ہوسکتے ہیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

اپنی کاوشیں مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس پر بھجوائیں۔


magazine@lajna.fi













أليس الله بكافٍ عبدہ
Is Allah not sufficient for his servant?


"صفائی نصف ایمان ہے"
(صحیح مسلم)




TAHIRA


HOW
CAN WAQF E NAU
BE SPECIAL
Relationship with Allah
Daily prayers
Good ethics
Priority to religion over world
Good use of time
Follow Quran
Respect parents
Good relationship
tableegh
Selflessness
Fear Allah
Voluntary prayers
Well spoken
Pardah and modesty
Daily Quran recitation
Join Jamaat programs
Religion in matrimony
Emotional tolerance
Obey khilafat
Follow huzur's friday sermons
NIDA UR REHMAN








TAHIRA
NASAR






Sidra
Shaukat

# #LoveThyNeighbour Campaign December 2020

Alhamdolillah, Lajna Imaillah Finland showed another gesture of kindness to play our role in building peaceful society. The campaign #LoveThyNeighbour resulted in a very positive response from the neighbours of our Lajna members across Finland. Lajna members took part with great enthusiasm and interest to spread kindness towards neighbou-teachers, care givers and other contacts. Seasonal greeting cards and pens engraved with our motto 'Love for All Hatred for None' were distributed all around the Finland including the cities of Helsinki, Espoo, Turku, Tampere, Rovaniemi and Jyväskylä. Gift packs were also prepared and sent to a care home and hospital.

May Allah bless our efforts to bring peace and harmoney in our society.






Hyvää Joulua ja
Onnellista Uutta Vuotta
Lajna Imaillah Suomesta
(Ahmadiyya Muslimien naisjärjestöstä)
Rauha olkoon teille
Raakkautta kaikille,
ei vihaa ketään kohtaan!
Love for all
Hatred for none!


Marabou
OREO
Snow Balls
4 st
Lajna Imaillah Suomesta
(Ahmadiyya Muslimien naisjärjestöstä)
Rauha olkoon teille
RAKKAUTTA KAIKILLE
EI VIHAA KETÄÄN KOHTAAN
Panda




Hyvää Joulua ja
Onnellista Uutta Vuotta
RAKKAUTTA KAIKILLE
EI VIHAA KETÄÄN KOHTAAN
2021


Hyvää Joulua ja
Onnellista Uutta Vuotta
Lajna Imaillah Suomesta
(Ahmadiyya Muslimien naisjärjestöstä)
Rauha olkoon teille
RAKKAUTTA KAIKILLE
EI VIHAA KETÄÄN KOHTAAN


Rauha olkoon teille
RAKKAUTTA KAIKILLE
EI VIHAA KETÄÄN KOHTAAN
MUSLIMIT RAUHAN PUOLESTA










# Love for All
# Hatred for None






# ماہانہ KAHOOT کوئز نتائج

ہر ماہ اجلاسات میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات کے آن لائن کوئز کا انعقاد ہوتا ہے۔ ماہ نومبر میں ہونے والے کوئز کے نتائج درج ذیل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے لئے یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ آئندہ بھی لجنہ اچھی تیاری کے ساتھ بڑھ چڑھ کر کوئز میں حصہ لیں۔

**کوئز لجنہ اماء اللہ دیگر شہر۔ خطبہ جمعہ۔ مورخہ 3 دسمبر 2020**

اول: مکرمہ سعدیہ وڑائچ صاحبہ

دوم: مکرمہ کنزہ محمود صاحبہ

سوم: مکرمہ اسماء منظور صاحبہ

**کوئز لجنہ اماء اللہ ترکو مجلس خطبہ جمعہ۔ مورخہ 3 دسمبر 2020**

اول: مکرمہ ماہرہ طاہر صاحبہ۔

دوم: مکرمہ بشرہ شریف صاحبہ۔

سوم: مکرمہ عزہ حبیب صاحبہ۔

**کوئز لجنہ اماء اللہ فن لینڈ۔ خطبہ جمعہ۔ مورخہ 25 دسمبر 2020**

اول: مکرمہ سعدیہ شہزاد صاحبہ

دوم: مکرمہ عائشہ محمود صاحبہ

سوم: مکرمہ دردانہ طوبیٰ صاحبہ

**کوئز لجنہ اماء اللہ ہیلسنکی مجلس۔ خطبہ جمعہ۔ مورخہ 3 دسمبر 2020**

اول: مکرمہ نداء الرحمٰن صاحبہ

دوم: مکرمہ نعمانہ صاحبہ

سوم: مکرمہ ریحانہ نسرین صاحبہ

**کوئز لجنہ اماء اللہ اسپو مجلس خطبہ جمعہ۔ مورخہ 3 دسمبر 2020**

اول: مکرمہ سدرہ شوکت صاحبہ۔

دوم: مکرمہ عائشہ محمود صاحبہ۔

سوم: مکرمہ طاہرہ نصر صاحبہ۔

**کوئز ناصرات خطبہ جمعہ۔ مورخہ 13 نومبر 2020**

اول: مکرمہ مہک چوہدری صاحبہ

دوم: مکرمہ ثانیہ عمران صاحبہ

سوم: مکرمہ ماریہ زمل صاحبہ